فوری ریلیز کے لیے: 2026/9/4 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے پوری ریاست میں چارم میورل اقدام کے لیے 2026 کے پارٹنرز کا اعلان کر دیا

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس سنہ 2026 میں 30 سے زیادہ کاؤنٹیوں میں 40 نئے میورلز کے ساتھ تخلیقی مقام سازی کے پروگرام کو وسعت دے گی

گزشتہ سال کے میورلز یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج پوری ریاست میں 12 کمیونٹی پارٹنرز کے انتخاب کا اعلان کیا جو **علاقائی میورلز کے ذریعے آرٹس کے لیے محفوظ جگہوں کی تخلیق (Cultivating Havens for the Arts through Regional Murals, CHARM)** نامی پروگرام کے تحت عوامی میورلز کی تخلیق میں رہنمائی کریں گے۔ یہ اقدام جو گورنر Hochul (ہوکل) نے قائم کیا ہے اور اسکا نظم و نسق ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس (NYSCA) سنبھالتی ہے، اسکا CHARM 2026 پروگرام 30 سے زیادہ کاؤنٹیوں میں 40 آرٹ ورکس کی تخلیق کے لیے فنڈ فراہم کرے گا جس سے گزشتہ برس 21 کاؤنٹیوں میں 57 میورلز تخلیق کرنے کے اقدام کو مزید مہمیز ملے گی۔ توقع ہے کہ یہ میورلز اکتوبر 2026 تک مکمل ہو جائیں گے۔

"CHARM کے میورلز خالی پڑی ہوئی عوامی جگہوں کو زندگی سے بھرپور ثقافتی یادگاروں میں تبدیل کر رہے ہیں، محلوں کے مابین باہمی روابط میں اضافہ کر رہے ہیں، اور محلوں کو توانائی بخش رہے ہیں،" **گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے کہا۔** "CHARM کے ہمارے علاقائی شراکت داران اپنے مقامی علاقوں میں اس شاندار اقدام پر عمل درآمد کریں گے، جس سے ایسے مزید عوامی فن پارے تخلیق ہوں گے جو مقامی معیشتوں کی مدد و معاونت بھی کریں گے اور پوری ریاست نیو یارک کی کمیونٹیز میں نئی آب و تاب بھی پیدا کر دیں گے۔"

CHARM کی شراکت دار تنظیموں کا انتخاب اپنے علاقوں کے بارے میں انکی معلومات، دیوار نگاری کے منصوبوں کا نظم و نسق کرنے کے انکے تجربے، اور منتخب کردہ علاقوں میں اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ انکے تعلقات کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ چونکہ مقامی شراکت اور شمولیت اس اقدام کا ایک بنیادی جزو ہے، لہذا CHARM کے پارٹنرز کے پاس ماضی میں اپنی کمیونٹیز کے اندر تخلیقی تصورات کی تعمیر و تشکیل کرنے، باہمی سرگرمیاں تخلیق کرنے، اور تعلیمی پروگرامنگ کا انعقاد کرنے کا بھی مضبوط تجربہ موجود ہے۔

CHARM 2026 پروگرام کے لیے تخلیقی پارٹنرز یہ ہیں:

البانی سینٹر گیلری (Albany Center Gallery)	Capital Region
CNY Arts	Central NY
Roc Paint Division and – Synthesis Collaborative WALL\THERAPY	Finger Lakes

پیچوگے سینٹر برائے آرٹس (Patchogue Center for the Arts)	Long Island
ArtsWestchester	Mid-Hudson
سراٹوگا آرٹس کونسل (Saratoga Arts Council)	Mohawk Valley
ArtBridge	
ایڈیرونڈیک لیکس سینٹر فار دی آرٹس (Adirondack Lakes Center for the Arts)	New York City
سٹرینڈ سینٹر فار دی آرٹس (Strand Center for the Arts)	North Country
جنوبی فنگر لیکس کی آرٹس کونسل (The ARTS Council of the Southern Finger Lakes)	
نیاگرا آبشار کے قومی ورثے کا علاقہ (Niagara Falls National Heritage Area)	Southern Tier
سپرنگویل سینٹر فار دی آرٹس (Springville Center for the Arts)	Western NY

CHARM کی مدد و معاونت کے ساتھ بنائے جانے والے میورلز عام مقامات کو خوبصورتی اور آب و تاب کے ذریعے انقلابی طور پر بدل کر ریاست نیو یارک کی تمام متنوع کمیونٹیز میں – یعنی شہری علاقوں، مضافاتی محلوں، قصبوں، اور دیہاتوں سبھی میں – عوامی دلچسپی کو مہمیز دینے والی جگہیں تخلیق کرتے ہیں۔ انکے ڈیزائنوں میں مشہور و معروف شخصیات کی کردار نگاری، شاندار قدرتی مناظر، تاریخی مقامات، اور مقامی لوک داستانوں جیسی چیزیں شامل ہوتی ہیں۔ CHARM میورلز کے سبھی مقامات پر عوام الناس کو بلا روک ٹوک رسائی دی جاتی ہے اور ان میں لائبریریاں، اسکولز، چھوٹے کاروبار، عوامی پارکس، اور پارکنگ سٹرکچرز جیسی سہولیات بھی شامل ہوتی ہیں۔

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Erika Mallin (ایریکا مالین) نے کہا، "ثبوت بالکل واضح ہے: جہاں عوامی فن پروان چڑھتا ہے، وہاں محلے بھی ترقی و فروغ پاتے ہیں۔ رہائشیوں کے اپنی کمیونٹیز کے ساتھ باہمی روابط میں مزید اضافہ ہوتا ہے، سیاح اور زائرین مقامی تخلیقی صلاحیت اور ثقافت سے لطف و توانائی حاصل کرتے ہیں، اور مقامی کاروبار ترقی و کامیابی کا مزہ لوٹتے ہیں۔ NYSCA کو پوری ریاست میں CHARM کے کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ کام کرنے اور گورنر کے اس اہم اقدام کی قیادت کرنے پر بہت فخر ہے۔"

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کے چیئر Patrick Willingham (پیٹرک ولنگھم) نے کہا، "CHARM پروگرام کی ابتدائی کامیابی نے عملی طور پر یہ مظاہرہ کر دکھایا ہے کہ پوری ریاست کی کمیونٹیز تخلیقی مقام سازی کے ذریعے ایسے طریقوں سے مالا مال ہو رہی ہیں جو صرف خوبصورتی بڑھانے تک محدود نہیں بلکہ اس سے مزید آگے کچھ اور بھی ہیں۔ ہمیں اس پروگرام کا تسلسل جاری رکھنے اور میورلز کی قوت و توانائی، فخر و انبساط، اور نسبت و تعلق کو ریاست نیو یارک کی اتنی بہت ساری کمیونٹیز تک پہنچانے پر بہت فخر محسوس ہو رہا ہے۔"

ریاستی سینیٹر Shelley Mayer (شیلی مائر) نے کہا، "میں بہت خوش ہوں کہ ArtsWestchester کو CHARM پروگرام میں بطور پارٹنر منتخب کر لیا گیا ہے۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہماری کمیونٹیز میں اتنے باصلاحیت آرٹسٹ موجود ہیں جن کے میورلز اب سب لوگوں کے نظارے کے لیے زیادہ وسیع پیمانے پر شیئر کیے جائیں گے۔ ArtsWestchester کی قیادت میں اور اس گرانٹ کے ساتھ، یہ میورلز ہمارے قصبوں اور دیہات میں

خوشیاں اور رونق بھی لائیں گے اور ہمارے بھرپور و شاندار فنکارانہ ٹیلنٹ کو اجاگر بھی کریں گے۔ ArtsWestchester کو منتخب کرنے پر گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کا شکریہ اور ArtsWestchester کی CEO Kathleen Reckling (کیتھلین ریکلنگ) کو دلی مبارکباد۔ میں اپنی پوری ڈسٹرکٹ میں یہ میورلز دیکھنے کی بہت شوق سے منتظر ہوں۔"

رکن اسمبلی Charles Burdick (چارلس برڈک) نے کہا، "مجھے بہت خوشی ہے کہ ArtsWestchester کو CHARM پروگرام میں شرکت کے لیے پوری ریاست کے بارہ کمیونٹی پارٹنرز میں سے ایک کے طور پر منتخب کر لیا گیا ہے۔ میں گورنر کے اس اقدام کا دل سے معترف ہوں جو ArtsWestchester جیسی کمیونٹی میں جڑیں رکھنے والی آرٹس تنظیموں کو فروغ دے رہا ہے۔ فنون لطیفہ کو فروغ دینے کے لیے ریاست کا عزم مصمم اپنی مثال آپ ہے، اور یہ ایک اور وجہ ہے جس کی بناء پر ایمپائر اسٹیٹ میں زندگی گزارنا اتنا اچھا اور دلفریب لگتا ہے۔"

رکن اسمبلی Gabriella Romero (گبریلا رومیرو) نے کہا، "البانی سینٹر گیلری (Albany Center Gallery) کیپٹل ریجن کے عظیم تخلیقی مقامات میں سے ایک ہے، اور میں ان کے حیرت انگیز کام اور ہماری کمیونٹی کے ساتھ گہری وابستگی کو CHARM اقدام کے ذریعے تسلیم ہوتا ہوا دیکھ کر بہت خوش ہوں۔ ACG میں فنکاروں، پڑوسیوں، اور کمیونٹی کو یکجا و متحد کرنے کی غیر معمولی صلاحیت ہے، جس سے فن پاروں تک رسائی پانا آسان ہو جاتا ہے۔ اب جبکہ ACG نے البانی شہر کے ثقافتی ڈھانچے کو قوت و مضبوطی دینے کا سلسلہ جاری و ساری رکھا ہوا ہے، تو مجھے البانی سینٹر گیلری اور گورنر کے CHARM اقدام کی حمایت کرنے پر بجا طور پر فخر ہے۔"

رکن اسمبلی Michael Cashman (مائیکل کیشمین) نے کہا، "عوامی آرٹ کمیونٹی کی مل بیٹھنے کی جگہوں کو قوت اور مضبوطی دیتی ہے، اور مجھے دلی مسرت ہے کہ نارتھ کنٹری خطے میں اب مزید میورلز آ رہے ہیں۔ میں پلاٹسبرگ ملیسا پین فیلڈ پارک میں "Monarchs and Milkweeds" نامی میورل کا دورہ پہلے ہی کر چکا ہوں جہاں میں نے درجنوں دیگر کمیونٹی اراکین کے ساتھ میورل کے کچھ حصے پر پینٹنگ کرنے کے کام میں حصہ بھی لیا تھا، اور اب اس میورل کو حقیقی وقت میں زندہ روپ پاتے ہوئے دیکھنا بہت اچھا لگ رہا ہے۔ ایسے پروگرام واقعی خاص الخاص ہوتے ہیں، اور مجھے خوشی ہے کہ ریاست نے فنون و آرٹس کی مدد و معاونت مسلسل جاری رکھی ہوئی ہے۔"

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کا مشن یہ ہے کہ ریاست نیو یارک کے فنون لطیفہ، ثقافت، اور تخلیقی صلاحیتوں کی مکمل وسعت کو فروغ دیا جائے اور اسے سب کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔ ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس مالی سال 2027 میں $161 ملین سے زیادہ رقم ایوارڈ کرے گی، جس سے ریاست کے سبھی 10 خطوں میں فنون لطیفہ سے متعلقہ تنظیموں اور فنکاروں کو فائدہ پہنچے گا۔ گورنر Nelson Rockefeller (نیلسن راک فیلر) کی جانب سے 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ریاست نیو یارک کی مقننہ کے تعاون سے جاری رکھی گئی یہ کونسل، ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہِ کرم arts.ny.gov ملاحظہ کریں، اور NYSCA کے Facebook پیج کو، X پر NYSCArts@ کو اور Instagram پر NYSCouncilontheArts@ کو فالو کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔